# تفصیلی شرائط برائے سولر پاور واٹر پمپ
## (محکمہ ماہی پروری حکومت پنجاب)

پنجاب میں منافع بخش ماہی پروری کے فروغ کے لئے جدید ٹیکنالوجی پیکج کے تحت صوبہ بھر میں گورنمنٹ نے ایک ڈویلپمنٹ پر وجیکٹ "Provision of Alternate Energy Source (Solar Pumps) to Fish Farmers Community on Matching Grant Basis" شر وع کیا ہے۔ جس کے تحت پرائیویٹ فش فارمرز کو آدھی لاگت (50٪ میچنگ گرانٹ کی بنا پر) سولر پاور واٹر پمپس فراہم کیے جائیں گے۔ تاکہ انرجی کی کمی پر قابوپاتے ہوئے نہ صرف مچھلی کی پیداوار میں اضافہ کیا جاسکے۔ بلکہ ماہی پروری کو بھی فروغ دیا جاسکے۔
مندرجہ ذیل شرائط پر فش فارمنگ کے شعبےسے وابستہ لوگوں سے درخواستیں درکار ہیں۔

1- مچھلی فارم کا رقبہ 5ایکڑ سے کم نہ ہو اور 15 ایکڑ سے زیادہ نہ ہو۔ پانچ سے دس ایکڑ پر مشتمل فش فارم رکھنے والے فارمر کو 0.7 کیوسک اور دس سے زیادہ اور پندرہ ایکڑ تک والے فش فارمرز کو 1.0 کیوسک کے سولر پاور واٹر پمپ مہیا کئے جائیں گے۔
2- درخواست دہندہ کا خود فش فارم کا مالک ہونا ضروری ہے۔
3- فش فارمر کم از کم پانچ سال سے فش فارمنگ سے منسلک ہو۔
4- 50٪ میچنگ گرانٹ کی بنا پر سولر پمپ کی آدھی لاگت فش فارمر خود برادشت کرے گا اور آدھی لاگت محکمہ ماہی پروری پنجاب اس طرح مہیا کرے گا کہ محکمہ ماہی پروری پنجاب0.7 کیوسک پمپ کیلئے زیادہ سے زیادہ -/12،50،000روپے اور 1.0 کیوسک پمپ کیلئے زیادہ سے زیادہ 17،50،000روپے تک برداشت کرے گا۔
5- ڈائریکٹر جنرل فشریز کی مقرر کردہ کمیٹی قرعہ اندازی سے پہلے درخواستوں کی جانچ پڑ تال کرے گی اور صرف اُن درخواستوں کو قرعہ اندازی میں شامل کیا جائے گا۔ جو وقت پر موصول ہوئی ہوں اور جن کے ساتھ تمام مطلوبہ دستاویزات لف ہوں۔ مزید یہ کہ وہ ہر لحاظ سے مکمل ہوں۔
6- قرعہ اندازی میں کامیا ب ہونے والے درخواست گزار کو یہ سہولت مہیا کی جائے گی۔
7- قرعہ اندازی سے منتخب ہونے والے فش فارمرز کو اپنا حصہ /شیئر (50فیصد ) منظوری کا لیٹر وصول ہونے کے بعد پندرہ (15) دن کے اندر اندر متعلقہ ضلع کے **اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز** کے پاس سپلائر/کنٹر یکٹر کے نام بینک ڈرافٹ کی صورت میں جمع کروانا ہوگا۔ بینک ڈرافٹ کی مدت تنسیخ کم از کم ایک سال ہونی ضروری ہے۔ بینک ڈرافٹ وقت پر جمع نہ کروانے کی صورت میں منظوری ختم تصور ہوگی۔
8- سولر پاور واٹر پمپ اور اس کی تنصیبات کی مرمت /دیکھ بھال اور حفاظت بھی فش فارمرز کے ذمہ ہوگی۔
9- کسی بھی ضلع میں اہل اور مستحق درخواست دہندہ نہ ہونے کی صورت میں یہ کوٹہ دوسرے ضلع /اضلاع کو منتخب کمیٹی کی سفارشات پر منتقل کردیا جائے گا۔
10- درج ذیل دستاویزات درخواست کے ساتھ لف ہونا ضروری ہیں۔

i. درخواست دہندہ کے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی
ii. اصل بیان حلفی (100 روپے کے اشٹام پر)
iii. درخواست دہندہ کی دستخط شدہ **"شرائط برائے سولر پاور پمپ"** کی اصل کاپی
iv. فش فارم کی زمین کی ملکیتی فرد جمع بندی اصل /تصدیق شدہ

11- یہ درخواستیں متعلقہ ضلع کے **اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز** کی وساطت سے دفتر ڈائریکٹر فشریز (توسیع)پنجاب، 2-سانده روڈ لاہور میں وصول کی جائیں گی۔ درخواستوں کی جانچ پڑتال کے بعد قرعہ اندازی بھی **دفتر ڈائریکٹر فشریز (توسیع)، 2-سانده روڈ لاہور** میں درخواست دہندہ کی موجودگی میں ہوگی۔ قرعہ اندازی کی تاریخ کی پیشگی اطلاع تمام درخواست دہندگان کو مناسب وقت پر کردی جائے گی۔

تصدیق کی جاتی ہے کہ میں نے تما م شرائط پڑ ھ /سن لی ہیں۔ اور مجھے قبول ہیں۔

دستخط درخواست دہندہ ____________________
قومی شناختی کارڈ نمبر____________________
تصدیق کنندہ:
دستخط و مہر اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز متعلقہ ضلع:__________________

# بیان حلفی برائے تنصیب سولر پاور واٹر پمپ

**(محکمہ ماہی پروری حکومت پنجاب)**

گزارش ہے کہ میں مسمی /مسمات ---------------------ولد ------------------- -ساکن -----------------
ڈاکخانہ-----------------تحصیل - ------------یونین کونسل--------------- ضلع----------------
موبائل فون نمبر--------------------
میں حلفیہ بیان کرتا /کرتی ہوں کہ

1. میں خود فش فارم کا مالک ہوں اور گذشتہ 5سال یا اس سے زیادہ عرصہ سے فش فارم چلا رہا/رہی ہوں۔
2. میں سولرپاور واٹر پمپ کی تنصیب محکمہ ماہی پروری پنجاب سے(50%میچنگ گرانٹ کی بنا پر) کروانا چاہتا/چاہتی ہوں ۔
3. قرعہ اندازی میں کامیاب ہونے کے بعدمیں اپنے حصہ کی 50 فیصدمیچنگ گرانٹ کی بنا پر رقم محکمانہ شرائط اور قواعد و ضوابط کے مطابق جمع کروانے کا پابند ہونگا/ہونگی اور سولر پاور واٹر پمپ کی تنصیب کے بعداس کی دیکھ بھال اورحفاظت پر آنے والے اخراجات کا/کی خودذمہ دار ہونگا/ہونگی، مزید یہ کہ پمپ کی ٹوٹ پھوٹ یا چوری وغیرہ کی وجہ سے کسی بھی نقصان کا محکمہ ماہی پروری پنجاب سے کوئی مطالبہ نہ کرونگا/گی۔
4. میں سولرپاور واٹر پمپ صرف مچھلی کے تالابوں میں پانی بھرنے کے لیےاستعمال کروں گا/کرونگی۔
5. میں سولرپاور واٹر پمپ کی تنصیب کے بعد 2 سال تک نہ تو اسے فروخت کرونگا/گی اور نہ ہی کسی دوسرے شخص کو لیز پردُونگا/دُونگی۔
6. میں محکمہ ماہی پروری پنجاب سے0.7کیوسک پمپ کے لیے زیادہ سے زیادہ 12،50،000روپےاور 1.00 کیوسک پمپ کیلئے زیادہ سے زیادہ 17،50،000روپے سے زائد مطالبہ نہ کروں گا/گی ۔
7. میں منصوبہ کے تحت بنائی گئی تمام کمیٹیوں ، ڈائریکٹر جنرل فشریز پنجاب یاان کے نامزد کردہ افسران کے فیصلوں پر عمل درآمد کا /کی پابند ہونگا/ہونگی اور ان کے فیصلے کوکسی عدالت میں چیلنج نہیں کرونگا/کرونگی۔
8. میں کسی بھی سرکاری ادارے کا /کی نادھندہ نہیں ہوں۔
9. میں خود یا میر انامزد کردہ نمائندہ سولر پاور واٹر پمپ کو چلانے اور اس کی دیکھ بھال کی تربیت حاصل کرنے کا/کی پابند ہوگا/ہوگی۔
10. میں اقرار کرتا /کرتی ہوں کہ میں نے تما م معلومات درست طور پر فراہم کی ہیں اور کوئی بات پوشیدہ نہیں رکھی۔ اس کے علاوہ مندرجہ بالا شرائط میں سے کسی ایک بھی شرط کی خلاف ورزی یا غلط بیانی کی صورت میں حکومت پنجاب کو مالی اعانت کی کل رقم نقد واپس کرنے کا/کی پابند ہونگا/ہونگی۔

دستخط درخواست دھندہ:-------------------
کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر-------------------

تصدیق کنندہ:

دستخط /اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز (متعلقہ ضلع):____________

مہر:

# درخواست فارم

## ترقیاتی پروجیکٹ "Provision of Alternate Energy Source (Solar Pumps) to Fish Farmers Community on Matching Grant Basis" کے تحت سولر پاور واٹر پمپ کی تنصیب

1. فش فارمر کا نام:-------------------والد /شوہر کا نام:-------------------------
2. فارمر کا عارضی پتہ:
   چک نمبر/گاؤں /شہر---------------------محلہ/موضع----------------
   تحصیل ----------------ضلع------------------فون نمبر----------------
3. فارمر کا مستقل پتہ:
   چک نمبر/گاؤں/شہر---------------------محلہ/موضع----------------
   تحصیل ----------------ضلع------------------ فون نمبر-----------------
4. فش فارم کا نام بمعہ پتہ -------------------------------------------------
5. فش فارم کا کل رقبہ (ایکڑمیں)-------------------------(ملکیتی فرد جمع بندی ساتھ منسلک کریں)
6. درکارسولرپاور واٹر پمپ کی گنجائش (0.7 یا 1.0 کیوسک):---------------------------------
7. زیر زمین پانی کی گہرائی -------------------------------------------------
8. ٹیوب ویل بور کی کم از کم گہرائی کتنی درکار ہے؟--------------------فٹ
9. مچھلی فارم کی تعمیر کی تاریخ:------------------------------------------------
10. کیا بجلی کی سہولت دستیاب ہے؟--------------------------------------

دستخط________________

فش فارمر/درخواست دہندہ کے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر

_______________________

تصدیق کی جاتی ہے کہ:
1. فش فارمر کے مندرجہ بالا کوائف درست ہیں۔
2. یہ کہ مندرجہ بالا فش فارمر خود فش فارم کا مالک ہے
3. پانچ سال یا اس سے زائد عرصہ سے فش فارمنگ سے منسلک ہے۔
4. فش فارم کا رقبہ ------------------ایکڑ پر مشتمل ہے۔
5. درخواست کے ساتھ درج ذیل دستاویزات منسلک ہیں۔
   i. درخواست دھندہ کے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی
   ii. اصل بیان حلفی(100 روپے کے اشٹام پر)
   iii. درخواست دہندہ کی دستخط شدہ" شرائط برائے سولر پاور واٹر پمپ" اصل
   iv. فش فارم کی زمین کی ملکیتی فرد جمع بندی اصل

نام اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز-------------------
دستخط-----------------------------
مہر------------------------------
تاریخ----------------------------

نام ڈپٹی ڈائریکٹر فشریز------------------
دستخط--------------------------
مہر----------------------------
تاریخ--------------------------